ٹورانٹو ۔ کنیڈا

پندرہ روزہ

الہلال

قیمت : ۲۵ سینٹ

بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان ۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

جلد : ۹
شمارہ : ۲۳

مطابق ... ہر فروری ...

پاکستان میں مارشل لا ختم کر کے تین ماہ کے اندر عام انتخابات کے انعقاد کا مطالبہ

موجودہ حالات سے وفاق پاکستان کے وجود کو خطرہ لاحق ہے

سات سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کا مشترکہ اعلان

کراچی ۔۔۔ پاکستان کی سات سیاسی جماعتوں نے صدر مملکت اور چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر سے مطالبہ کیا ہے کہ ... مارشل لاء ختم ...

وفاقی کونسل میں ارکان بیرون ملک مقیم پاکستانیوں میں سے لئے جائینگے

غیر ممالک میں مقیم پاکستانیوں کے مسائل کے بارے میں اپریل میں کنونشن ہوگا

مجوزہ کنونشن میں غیر ممالک کے ۵ سو پاکستانی شرکت کرینگے

راولپنڈی ۔۔۔

پشاور میں ایک ارب ۴۰ کروڑ کی لاگت سے ٹائر اور ٹیوب کا کارخانہ قائم کیا جائے گا

جمرود انڈسٹریل اسٹیٹ میں یہ سب سے بڑا کارخانہ ہوگا ۔ سیلیکے گاؤں میں سیمنٹ فیکٹری لگانے کی منظوری دیدی گئی ۔ اقتصادی رابطہ کمیٹی کی اہم فیصلے

تانبے کے تار، کیمیکلز اور دیگر منصوبوں کی بھی منظوری دے دی گئی

اسلام آباد ۔۔۔

کسی ملک کیخلاف پاکستانی سرزمین استعمال کرنیکی اجازت نہیں دیجائیگی

پاکستان میں چین کی فوج کے بارے میں بھارتی اخبارات کی خبر غلط ہے

اسلام آباد ۔۔۔

تمام نوازشوں کے باوجود بھارت کا کوئی بھی مجھ سے خوش نہیں (امروز لاہور)

اسلام آباد ایئرپورٹ پر رشوت لینے کے الزام میں کسٹم کے سولہ انسپکٹر گرفتار

کسٹم انسپکٹروں کے قبضہ سے غیر ممالک سے آنے والے پاکستانیوں سے وصول کی جانے والی رشوت کی رقم برآمد

اسلام آباد ۔۔۔

بھارت نے روپے کی قیمت بحال کر دی

چوری ڈوبی جانے والے انچ پر ۲ پاکستانیوں نے فاقہ سے دم توڑ دیا

غریب لوگوں کو بیرونی ملازمت کا جھانسہ دے کر لاکھوں روپے بٹورنے اور جعلی دستاویزات تیار کرنے والے ظالم گروہ کے ہاتھوں ۷۵ افراد پر قیامت گذر گئی، کراچی سے

۲۰۰ سو میل دور ملک کی تاریخ کا سب سے شرمناک اور انتہائی روح فرسا واقعہ

۲۳ روز تک موت کے منہ سے بچ نکلنے کی جدوجہد کرنے والے بھوک پیاس اور چپو چلانے کی مسلسل مشقت سے ایڑیاں رگڑ رگڑ کر دم توڑ گئے، ناخدا حاجی چار اور اس کے ساتھی لاشیں سمندر میں پھینکتے رہے، ایک ملاح بھی ہلاک

یہ جو زندہ بچ جانے والے زندہ درگور ہیں ——— (تصاویر: جماعت)



ایف آئی اے کے انسپکٹر اخباری نمائندوں کو تفصیلات بتا رہے ہیں۔

ایک غیر ملکی جہاز نے ۲۵ افراد کو بچا لیا، ایک نے جہاز پر دم توڑ دیا

زندہ بچنے والوں کو اسپتال میں داخل کر دیا گیا، متعدد کی حالت نازک ہے، بعض ذہنی توازن کھو بیٹھے

حاجی چار گروہ کے افراد حسن اور سخی داد گرفتار، لانچ کے دو مالک غنی اور شیر محمد مفرور ہیں

رپورٹ: قیصر محمود ——— تصاویر: مظہر احمد، اعجاز ہاشمی

کراچی ——— [illegible]

حادثے کی خبر عام ہوتے ہی لیاری کے علاقے میں کہرام مچ گیا

[illegible]

زندہ بچ جانے والوں کے نام

بیشتر کا تعلق لیاری کے علاقے سے ہے

کراچی ——— [illegible]

ایک ہی خاندان کے افراد ڈوب جانے سے

[illegible]

آب حیات یا آب وفات

کراچی ——— [illegible]

[illegible]

بلدیاتی ارکان نظریہ پاکستان کے خلاف اور طبقاتی، مذہبی منافرت پھیلانے والی تقاریر نہیں کر سکیں گے

قانون کے مطابق قائم شدہ حکومت کے خلاف توہین آمیز الفاظ استعمال نہیں کیے جا سکیں گے

بلدیاتی ارکان کے لیے ضابطہ اخلاق نافذ کر دیا

مسلم یونیورسٹی علیگڑھ کمیونسٹوں کی ریشہ دوانیوں کا شکار ہو گئی

اسلام آباد میں جدید طرز کی پولیس فورس کی تشکیل

حج پالیسی کے بارے میں سرکاری وضاحت

بھارت نے اقوام متحدہ کو افغان مہاجرین کیلئے دفتر قائم کرنے کی اجازت نہیں دی

تحریک بحالی جمہوریت کے پانچ رہنماؤں کو کراچی بدر کر دیا گیا

ان رہنماؤں میں فاروق لغاری، محمود علی قصوری اور سردار قیوم شامل ہیں

پاکستانی فوج کے ایک سابق میجر کو برطانیہ میں رہنے کی اجازت سے انکار کر دیا گیا

ٹورانٹو میں ۲۲۰ وولٹ کے اپلائنسز یہاں دستیاب ہیں۔

وقت اور روپیہ بچائیے



حاضر کا غذات

فلپس، کیلوی نیٹر، فلکو کے ریفریجریٹرز اور ڈیپ فریزر، فلپس گیس کوکرز، ٹیلی ویژن، وی سی آر، واشنگ مشین، فلکو اور ویدر واشنگ مشین، یونیفارم سلائی مشین حاضر اسٹاک سے دستیاب ہے۔ ہمارے کنٹینرز ہر ماہ کے تیسرے ہفتے بذریعہ بحری جہاز پاکستان کے لیے روانہ ہوتے ہیں اور روانگی سے ۳ ہفتوں کے اندر پاکستان پہنچ جاتے ہیں۔

وقت اور روپیہ بچائیے

حکومت پاکستان کی دی ہوئی سہولتوں سے فائدہ اٹھائیے

ZHANCO EXPORT HOUSE
[Canada]INC.,
1033 Pape Avenue Toronto, Ont.
M4K 3W1
Phone:(416)421-658 or - 6

"پاکستان کو روس سے براہ راست خطرہ ہے" جنرل ضیا

روسی خطرہ افغانستان تک محدود نہیں رہے گا ہمسایہ ممالک اور خلیج کا علاقہ بھی اس سے متاثر ہوگا

"روس کے عزائم بہت واضح ہیں"

مسلمانوں کو خطرات سے محفوظ رکھنے کیلئے تمام وسائل یکجا کئے جائیں

[illegible]

ببرک کارمل کی عدالت کے حکم پر چار مجاہدین گولی سے اڑا دیئے گئے

مجاہدین نے فوجی افسروں کو ہلاک اور بارود کا ذخیرہ تباہ کر دیا تھا

[illegible]

شاہ جی کو کوڑوں کی سزا

پشاور ۔۔۔ (نمائندہ جنگ) ۵ سالہ بچی کے ساتھ زنا کا ارتکاب کرنے کے جرم میں خصوصی فوجی عدالت نے بالاکنڈ ایجنسی کے شاہ جی کو عمر قید، ۲۰ کوڑوں اور ۵ ہزار روپے جرمانہ کی سزا دی ہے۔

اسپانسرشپ سکیم کے تحت فریضہ حج ادا کرنے کے ضوابط

اسلام آباد ۔۔۔ اسپانسرشپ سکیم کے تحت فریضہ حج ادا کرنے کے خواہشمند افراد کے پاسپورٹ اور ویزا حاصل کرنے کا کام وفاقی وزارت مذہبی امور انجام دے گی اس لئے اسپانسرشپ سکیم کے تحت درخواست دینے والوں کو چاہئے کہ وہ اپنے پاسپورٹ خود تیار نہ کروائیں اور نہ ہی ویزا حاصل کرنے کے لئے کوشش کریں۔ اسپانسرشپ سکیم کے تحت بیرون ملک مقیم افراد جو مرد (یا خاتون) کو حج کروانا چاہتے ہیں ان کو متعلقہ مرد یا خاتون کے نام پر ۱۶۸۵۰ روپے کی مالیت کا چیک یا ڈرافٹ ارسال کرنا چاہئے۔ متعلقہ مرد یا خاتون کو حج کی درخواست کا فارم پر کر کے وزارت مذہبی امور کو بھیجنا ہوگا۔

ساتویں جماعت تک ہر طالب علم کو قرآن پاک پڑھایا جائے گا

اسلامیات کا مضمون لازمی قرار دے دیا جائے گا۔ وفاقی وزیر تعلیم

[illegible]

برطانوی حکومت حصول اسلحہ کے لئے پاکستان کی درخواست پر غور کریگی

پشاور میں برطانوی وزیر مملکت مسٹر پیٹر بلیکر کی پریس کانفرنس

"نیٹو کے ممالک افغانستان کے مسئلہ پر پاکستان کے موقف کی حمایت کرتے ہیں"

[illegible]

ممتاز عالم دین مولانا غلام غوث ہزاروی وفات پا گئے

دل کا دورہ جان لیوا ثابت ہوا۔ جنازہ میں ہزاروں لوگوں نے شرکت کی

[illegible]

عبدالقیوم لودھی کا تقرر

ٹورانٹو کی پاکستانی کمیونٹی کے سرگرم رکن عبدالقیوم لودھی کو ٹورانٹو کے میئر ART EGGLETON کی RACE RELATIONS کمیٹی کا ممبر منتخب کیا گیا ہے۔ اس کمیٹی میں جناب لودھی پاکستانی اور دوسرے ایشیائی باشندوں کی نمائندگی کریں گے۔

لودھی صاحب پاکستان کلچرل اینڈ کنسلٹنگ سروسز کے معاون بانی ہیں۔ دو کتابوں کے معاون مصنف ہیں اور کئی موقر جرائد میں ان کے مضامین چھپ چکے ہیں۔

کمیٹی کے بارے میں معلومات حاصل کرنے اور تجاویز پیش کرنے کے لیے فون کیجئے

(416) 444-4309

بھارت میں اسلام تلوار کے زور پر نہیں ثقافت کے راستے پھیلا: اندرا

بھارتی حکومت عربوں کے موقف کی حمایت کرتی رہے گی۔ ہمدرد کی تقریب سے خطاب

[illegible]

ڈاکٹر قریشی کی آخری خواہش

[illegible]

Please Visit For

Halal Meat & Spices

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

ٹورانٹو میں حلال گوشت کی

پہلی دکان

AFRO ASIAN

918 PAPE AVENUE
TORONTO

PHONE: 463-1287

ٹورانٹو میں پاکستانی ٹیلی ویژن؟

ٹورانٹو میں آج کل غیر پاکستانی حضرات وطن پاک کے نام پر مفت وقت حاصل کر کے ٹیلی ویژن پر غیر معیاری اور پاکستانی تہذیب و ثقافت کے خلاف ٹیلی ویژن شو پیش کر رہے ہیں۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ پاکستانی حضرات خود اپنا پروگرام پیش کریں جو ہماری تہذیب کی نمائندگی کرے تو ذیل میں دیا ہوا کوپن پُر کر کے بھیج دیجئے۔

Name ....

Address ....

....

Postal Code ....

Telephone No. ....

338 Hollyberry Trail, Willowdale, Toronto,
Ont. Canada M2H 2P6

پندرہ روزہ
الہلال
ٹورانٹو کینیڈا

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

[illegible]

امریکہ کی معاہدہ شکنی کی نیت

امریکہ کے صدر مسٹر رونالڈ ریگن نے ایک بیان [illegible] کا لفظ استعمال کرتے ہوئے اس بیان پر امریکی صحافیوں نے بھی تنقید کی ہے۔ جس کے تحت امریکی یرغمالیوں کی بحالی عمل میں آئی ہے۔ مسٹر ریگن نے امریکی سفارت خانے پر ایرانی قبضے کو جنگی کارروائی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایران سے معاہدے کے ان حصوں پر نظر ثانی ہونی چاہیے جن کے تحت سابق یرغمالیوں کے ہرجانہ طلب کرنے کے حق کو منسوخ کر دیا گیا ہے۔

ریگن کا یہ بیان انتہائی شرانگیز اور باعث تشویش ہے اور پوری دنیا کے صلح پسندوں کو اس کی مذمت کرنی چاہیے۔ محسوس یہ ہوتا ہے کہ امریکہ اپنی بین الاقوامی اور قومی خصوصیات کے باعث پچھلے دو عشروں میں دنیا بھر میں رسوا ہوا ہے۔ ریگن ان امریکی خامیوں اور خرابیوں کا بہترین نمونہ ہیں اور وہ امریکہ کی رسوائی کو نقطۂ عروج پر پہنچانے والے امریکی تاریخ کے بدترین صدر ثابت ہوں گے۔ منتخب ہونے کے بعد سے اب تک صدر ریگن مسلمانوں کے بارے میں جیسی اشتعال انگیز اور بیہودہ زبان استعمال کر چکے ہیں اس سے پورے عالم اسلام میں امریکہ کے خلاف نفرت اور گہری ہوتی چلی جا رہی ہے۔ فلسطینیوں کے مسائل و مصائب اور ان کے [illegible]

[illegible]

حدیث نبوی کی روشنی میں

قبر میں کیا ہوتا ہے؟

[illegible]

امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ

انہوں نے جھوٹی حدیثیں گھڑنے والوں کے خلاف جہاد کیا

روح الامین اکبر

[illegible]

گھر آنگن کی کلیاں

دکھیے ہیں نے (سالہ) بچی کی ایک کاپی اتفاق سے دیکھ کر حیرت زدہ رہ گئی کہ اس کے تقریباً ہر دوسرے تیسرے صفحے پر کچھ اسا تذہ کی ذات سے متعلق مایوس کن جملے لکھ رکھے تھے۔ مثلاً ... اچھی لڑکی نہیں ہے اس سے کوئی پیار نہیں کرتا۔ اس کی باتوں سے نفرت کرتے ہیں وغیرہ۔

اگر بچوں کے ساتھ گھل مل کر ان سے دوستانہ گفتگو کی جائے تو بیشتر بچوں کی شکایت جاننے میں زیادہ دیر نہیں لگے گی کہ انہیں اپنے والدین کی وہ توجہ نہیں مل رہی جس کے وہ طلب گار تھے۔ یہ بات غور طلب بھی ہے کہ آخر ہم بچوں کو بالکل نظر انداز رکھتے کیوں ہیں جبکہ ان سے دور کیوں ہوتے جا رہے ہیں۔

دراصل جب تک بچہ ننھا سا ہوتا ہے گول مٹول باتیں بنانے والا ہوتا ہے۔ گھر کے ہر فرد کی انتہا درجے کی محبتوں کا مرکز بنا رہتا ہے۔ لیکن جیسے جیسے بڑا ہو جاتا ہے۔ صاف ستھری اچھی گرم لگتی ہے تو ظاہر ہے اس کی دلچسپی کا وہ رنگ ختم ہو جاتا ہے جو ڈھائی برس ہی بچے کا داخلہ کسی نرسری اسکول میں کروا دیا جاتا ہے جہاں وہ اپنے ننھے منے ذہن پر انگریزی کی نظمیں اور بہت سارے ہوم ورک کا بوجھ اٹھاتا ہے

ہر بچہ توجہ و محبت کرنے کے لئے ایک گھر جیسا آرام دہ اور پر سکون ماحول چاہتا ہے اس طرح بچے کا آدھا دن اکثر بیشتر سہما سہما سا گزرتا ہے گھر میں اس کی ماں اپنے کاموں میں مصروف رہتی ہے زیادہ سے زیادہ ہوم ورک کروا سکتی ہے یا پھر ٹیوشن پڑھوا لے اتنی فرصت کسے ہے کہ وہ بچے کی اپنی سیدھی سی باتیں سنے کھیلوں میں اسے پیش آنے والے دلچسپی کے واقعات سے اس طرح بچے کے ننھے سے ذہن میں یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ لوگ مجھ سے نفرت کرتے ہیں اس لئے بھیا یا باجی یا امی کا یہی سلوک ہے میری باتوں کا مذاق ... جواب دیتی ہیں۔

بچہ پیچھے ... جذباتی ہیجانات کا اسی وقت سے شکار ہو جاتا ہے جب اسے اس کے قدرتی حق یعنی ماں کے دودھ سے محروم کر کے ڈبے کے دودھ تک محدود کر دیا جاتا ہے۔ والدین کو اتنی فرصت کہاں ہوتی ہے کہ وہ اپنے بچوں کو بچپن ہی سے عظیم شخصیتوں کی کہانیاں سنائیں جو بچوں میں تعمیری خیالات کو فروغ دیں اور پھر بچیں بھی ہم ماضی ... کی تمثیلیں کے دور میں اپنی تاریخی روایات سے نا آشنا ہے کہ وہ ... خود بھی اپنے ... ہیں

شاید ہیں ... رجحانات کے حالات ... کی معلوم نہیں۔ ... یہاں حالات میں بھی ... ضرور ہوتا ہے جب والدین اپنے اچھی باتوں کی نصیحتیں تو کریں لیکن خود ان سے بیزار ہوں۔ مثلاً بچوں کو یہ سکھایا جائے کہ ہر عزیز اپنے چھوٹے بڑے کی عزت کرنا سیکھیں جبکہ ہم خود اپنے بزرگوں کی تنقید کے سبب بنتے ہیں۔ انسانی افراد کی جبلت فطرت ہے کہ وہ قول کے ساتھ عمل بھی تلاش کرتے ہیں لہٰذا بچے جو ہماری ہی طرح عمل ہوتا چاہتا ہے ہماری رہنمائی ... ہوتی ہے کیوں اس ... ہمارے ... متاثر نہ ہوگا۔

بچوں کو اپنی الجھنیں دور کرنے کے اور ذہنی تسکین کے لئے سچے دوست کی ضرورت ہوتی ہے جس کا بہترین کردار والدین ادا کر سکتے ہیں لیکن جب ہم بچوں کے سوالات کو ... پسند ہی نہ کریں بلکہ انہیں جھڑکیاں دیں تو پھر وہ اپنی الجھنیں ماں باپ کے سامنے رکھنے کے بجائے اپنے ہم عمر دوستوں کے سامنے رکھنے لگتے ہیں جو انہیں کی طرح بھولے بھالے اور ناپختہ ہوتے ہیں۔

... وہ وقت ہوتا ہے جب بچوں میں صنف مخالف سے متعلق ... کے

رجحانات بڑی تیزی سے فروغ پانے لگے ہیں۔ ٹی وی کے پروگرام، اشتہارات اور ریڈیو کے پروگرام اس کے علاوہ بچوں کی کہانیوں کی غیر معیاری کتابیں جس میں ہر کہانی کا انجام شہزادہ اور شہزادی کی شادی ہوتی ہے ایسے رجحانات کو خوب ہوا دیتے ہیں۔ بچے کا ... طور پر کسی شہزادی یا شہزادے سے کم نہیں ... اس ضمن میں بچوں پر بے جا سختی ... دوہری پیدا کرنے کا سبب بن جاتی ہے ... ایسے بھی گھرانے دیکھے ہیں جہاں ناول پڑھنے پر سخت پابندی ہے لیکن یہی پابندی ناول پڑھنے کا سبب بن جاتی ہے۔ گانے سننے پر پابندی ہے لیکن وہ ماں باپ کی غیر

موجودگی میں ہی پورا کر لیا جاتا ہے۔ گویا بچوں کی اچھی تربیت کا راز ان پر پابندی لگانے میں نہیں، ہر وقت جھڑکیاں دینے میں نہیں بلکہ ان کے ساتھ شاندار دوستانہ رابطہ میں ہے۔ ستھری ذہنیت کے بچے ستھری اور پاکیزہ قوم کے پیش رو ہوں گے۔ لہٰذا بچوں میں جذبہ ترقی کا اعلیٰ معیار پیدا کرنے کے لئے اپنے اخلاق اور روایات کو بھی بلند کرنا ہوگا۔ گھر کا ماحول اگر صحت مند ہو کوئی سبب نہیں کہ بچے غلط صحبتوں میں بیٹھ کر غلط عادتوں اور خلفشار کا شکار ہو جائیں۔

اپنے بچوں کو پہچانیے

پیدائش سے ۳ ماہ تک

بیشتر وقت سوتے میں گزارتا ہے۔ اپنی آنکھوں سے متحرک شے کا پیچھا کرتا ہے۔ چہرے کی طرف دیکھتا ہے اور جواباً مسکراتا ہے۔ شور و غل پر رد عمل ظاہر کرتا ہے۔ اپنی ماں کو پہچانتا ہے (بظاہری طور پر) لیکن بطور خاص قوت شامہ اور سامعہ اور شاید حسی ادراک کے ذریعے جن کا بیان دشوار ہے۔ جو چیز اس کے ہاتھ میں رکھی جائے اسے مضبوطی سے پکڑ لیتا ہے، بے ساختہ اور جوابی اضطراب یا خوشی۔ گرد و پیش کے لوگوں سے مخاطب ہوتا ہے۔ اپنی ماں کی ... کیفیت (خاموشی، اضطراب) پر رد عمل ظاہر کرتا ہے۔

۳ ماہ سے ۶ ماہ تک

بچہ ... سے ... میں ہونے والے ... طور پر گرفت میں لینا شروع کر دیتا ہے اور جو چیز اسے پیش کی جائے اسے لینے کے لئے ہاتھ پھیلاتا ہے۔ ہر چیز اپنے منہ تک لے جاتا ہے۔ ... کے جواب میں کھل کھلا کر ہنستا اور خوشی سے چیختا ہے۔ گمشدہ کھلونے کو ڈھونڈنے لگتا ہے۔ چیزوں کو ... اور ... انگلی سے ... بلکہ ... انگلیوں سے گرفت میں لیتا ہے۔

۶ ماہ سے ۹ ماہ تک

رینگتا ہوا کسی چیز یا شخص تک جا سکتا ہے۔ اگر اسے کھڑا کیا جائے تو سیدھی حالت میں رہ سکتا ہے۔ انگوٹھے اور شہادت کی انگلی کے بیچ میں چھوٹی چھوٹی چیزیں پکڑتا ہے۔ چیزیں پھینک کر اپنا دل بہلاتا ہے۔ مفہوم سے عاری مختلف الفاظ ادا کرتا ہے۔ ... کے افراد ... چہرے پہچانتا ہے اور اجنبی چہروں سے ڈرتا ہے۔

۹ سے ۱۲ ماہ تک

بغیر سہارے کے اپنے پیروں پر کھڑا ہو سکتا ہے اور دونوں ہاتھ پکڑنے جائیں تو چل سکتا ہے۔ ... آوازوں کو دہراتا ہے جن کا تلفظ اس نے سیکھا ہے اور جن میں اس کے ... کا مفہوم ادا کیا ...

۱۲ سے ۱۸ ماہ تک

خود چلتا ہے اور گھر اور اطراف کی چیزوں کا کھوج لگاتا ہے۔ پانچ سے دس الفاظ تک کا تلفظ ادا کر سکتا ہے۔ اپنے جسم کے ... اور بہنوں سے کھیل میں جلن، آنسو یا غصے کی ادائیں، اور حریفانہ رد عمل کا اظہار کرتا ہے۔ یہ عام حریفانہ اظہار اور ... جارحیت گروہی زندگی سے اس کے تعارف کی نشاندہی کرتی ہے۔

۱۸ سے ۲۴ ماہ تک

سیڑھیوں سے اوپر نیچے آ جا سکتا ہے



بچے ہاتھ پکڑ کر ... تنہا خود اپنے سہارے سے آنکھوں اور ناک کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ خود کھانا سیکھتا ہے۔ رفع حاجت ... کی تربیت حاصل کرتا ہے۔ ... کی تربیت ... اور کوششوں ... ہیں۔ ... ہو سکتا ہے ... حرکات ...

سکنات میں گہری دلچسپی لیتا ہے اور ان کی حرکات کی نقل اتارنے کی کوشش کرتا ہے

۲ سال سے ۳ سال تک

اچھلنا، چڑھنا اور ایک پاؤں پر کھڑا ہونا سیکھتا ہے "میں" اور "مجھے" کے استعمال سے اپنی بات چیت میں خاصی ترقی کرتا ہے۔ سوالات پوچھنا شروع کر دیتا ہے۔ کاغذ یا ریت پر دائرہ بنانا سیکھتا ہے۔ دوسرے بچوں کے ساتھ اچھی طرح کھیلنے کا آغاز کرتا ہے۔ ۲ سال کی عمر حقیقی معنوں میں سماجی میل ملاپ کا آغاز ہوتا ہے۔

تین سال سے چھ سال تک

۳ سے ۴ سال تک

اپنے آپ ادھر ادھر گھومتا پھرتا اور بیت الخلا کے اندر جاتا ہے اپنے آپ کپڑے پہننا اور اتارنا سیکھتا ہے دو یا تین رنگ پہچان لیتا ہے۔ تاہم انہیں ... نہیں کرتا۔ نام جنس اور عمر خود بتا سکتا ہے۔ بہت سے سوالات کرتا ہے۔ ... سہانی ... کا اظہار کرتا ہے۔

اچھلنا، چھلانگ لگانا اور جھولا جھولتا ہے۔ سر، ہاتھ پاؤں اور جسمانی اعضا پر مشتمل کوئی شکل بنا سکتا ہے۔ انگلیوں پر گنتی کرنا جانتا ہے جو کچھ کرنا چاہتا ہے اس سے باز رکھنے پر شدت سے احتجاج کرتا ہے بڑوں کی سرگرمیوں میں دلچسپی لیتا ہے۔

درختوں پر چڑھنا اور موسیقی پر ناچنا جانتا ہے ... بچکانہ زبان کا استعمال بند کر دیتا ہے۔ سر دھڑ ٹانگیں اور ہاتھوں پر مشتمل کوئی شکل بنا سکتا ہے دائیں بائیں اور گزشتہ کل اور آئندہ کل میں تمیز کرنا شروع کرتا ہے۔ گھر اور ... کی سرگرمیوں میں دلچسپی لیتا ہے ... اور بڑوں کی عمر میں دلچسپی لیتا ہے۔ ... پابندیوں کو ناپسند کرتا اور احکام سست روی سے بجا لاتا ہے۔

اپنے ہم وطن سے

وہ شخص اپنا سمجھتا ہے جسے
... آشیاں میرا ہے
... سب رنگینیاں تیری ہیں
... میرا ...
... سی ...
... تیرا ... میرا ...

(...)

شراب نے یہ دن دکھایا...!

[illegible]

آزادی کی قیمت جو ادا کی گئی

جب پاکستان بن رہا تھا

مرتبہ
یاسمین شاہد

سکھی بہن کی پکار

[illegible]

خواتین کی بے حرمتی

[illegible]

قرآن پاک کی بے حرمتی

[illegible]

ایک ہزار مسلمان چالیس ہزار حملہ آور

[illegible]

پاکستان اور قائد کی پیشانی

[illegible]

خواب — علامہ اقبالؒ

زندہ دل سے نہیں پوشیدہ ضمیرِ تقدیر
خواب میں دیکھتا ہے عالمِ نو کی تصویر
اور جب بانگِ اذاں کرتی ہے بیدار اسے
کرتا ہے خواب میں دیکھی ہوئی دنیا تعمیر

RAZIA KHAN, M.D.

ANNOUNCES THE OPENING OF HER OFFICE
FOR THE PRACTICE OF

FAMILY MEDICINE

AT

WARDEN MEDICAL ARTS BUILDING
2191 WARDEN AVENUE
SUITE 304
SCARBOROUGH, ONTARIO

HOURS 10.00 A.M. - 5.00 P.M. MONDAY TO FRIDAY

SATURDAY & EVENING APPOINTMENTS
BY ARRANGEMENT

TELEPHONE
(416) 499-2229

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

۳۲ سالہ، پاکستانی پشتون، سالانہ آمدنی ۲۵ ہزار ڈالر کے لیے خوبصورت نیک سیرت مسلمان دوشیزہ کا رشتہ مطلوب ہے۔ فون کیجیے:

(705) 674-3812

•

ایک ہی خاندان کے دو بھائی اور دو بہنوں کے لیے متبادل یا انفرادی رشتے مطلوب ہیں۔ خواتین کی عمریں بالترتیب ۳۵ اور ۳۲ سال ہیں۔ دونوں ایم اے ہیں اور کراچی میں ہائی اسکول ٹیچر ہیں۔ ایک لڑکا عمر ۲۹ سال میڈیکل کے آخری سال کا طالب علم ہے دوسرا کینیڈین شہری عمر ۳۱ سال ٹیکنیشین، سالانہ آمدنی ۱۹,۵۰۰ ڈالر۔ کینیڈا اور امریکہ میں موجود سمت الحیات افراد کے رشتے قابل ترجیح ہوں گے۔ مقیم پاکستانی رشتے بھی قابل قبول ہو سکتے ہیں۔ تفصیلات کے لیے خط لکھیے:

Z.A. C/o al-Hilal

•

کینیڈا (صوبہ انٹاریو) میں مقیم ایک پاکستانی امیگرنٹ کے لیے مناسب رشتہ درکار ہے۔ لڑکی کا خوبصورت، تعلیم یافتہ اور پروفیشنل ہونا ضروری ہے۔ خواہشمند حضرات پہلے ہی خط میں جملہ تفصیلات سے آگاہ کریں۔

K.M. C/o al-Hilal

•

عارضی طور پر ٹورانٹو میں قیام رکھنے والے شریف الخاندان سنی الحنفی ۲۵ سالہ لڑکے کے لیے امیگرنٹ مسلمان اور مذہبی اصولوں کی پابند لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے۔ مزید تفصیلات کے لیے فوری خط لکھیے:

SHAH C/o al-Hilal

اطلاع

ڈاکٹر رضیہ خان نے فیملی میڈیسن کی پریکٹس کے لیے اسکاربرو میں دفتر کھولا ہے جو ۱۹۱۵ وارڈن ایونیو پر واقع وارڈن میڈیکل آرٹس بلڈنگ میں کمرہ نمبر 304 پر ہے۔ اوقات پیر تا جمعہ صبح دس بجے سے شام پانچ بجے تک ہیں۔ ہفتہ کے دن یا شام کے اپوائنٹمنٹ بھی مل سکتے ہیں۔ فون ہے:

(416) 499-3999

پاکستانی سفارت خانے کا عارضی دفتر

ٹورانٹو اور اس کے قرب و جوار میں رہنے والے پاکستانیوں کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اس دفعہ پاکستانی سفارت خانے کا عارضی دفتر ۷ اور ۸ مارچ کو ٹورانٹو میں ۲۳۳ جیرارڈ اسٹریٹ ویسٹ پر واقع چیلسی ان میں کھلا رہے گا۔ اوقات صبح ۹ بجے سے شام ۵ بجے تک ہوں گے۔ درمیان میں ایک سے دو بجے تک کھانے کا وقفہ ہوگا۔ فون نمبر یہ ہے:

(416) 595-1975.

قارئین نوٹ فرمائیں

جو قارئین "الہلال" اور "کریسنٹ" ایک ساتھ حاصل کرتے آئے ہیں انہیں اطلاع دی جاتی ہے کہ اب یہ دونوں پرچے علیحدہ علیحدہ ڈاک سے بھیجے جائیں گے۔ اس تبدیلی کے نتیجے کے طور پر ایک ہفتہ "کریسنٹ" اور دوسرے ہفتے "الہلال" بھیجا جائے گا۔

دکانوں پر فروخت ہونے والے اخبار کی قیمت آئندہ شمارے سے ۵۰ سینٹ کر دی جائے گی۔ یہ اضافہ ایک طویل مدت کے بعد بڑھتے ہوئے اخراجات کی بنا پر عمل میں آیا ہے۔

(ادارہ)

عُمر
آئینِ جوانمرداں حق گوئی و بیباکی
کی زندہ مثال
مسلمانانِ عالم کے لیے پیغام بیداری
دنیا بھر میں اپنی طرز کا واحد جریدہ
اسلامی تحریک کا بین الاقوامی ترجمان
"کریسنٹ انٹرنیشنل"
جو ٹورانٹو سے انگریزی زبان میں ہر پندرہ دن بعد شائع ہوتا ہے اور دنیا کے گوشے گوشے میں بھیجا جاتا ہے۔
• الہلال کے خریدار صرف سات ڈالر میں یہ پرچہ سال بھر کے لیے حاصل کر سکتے ہیں۔ مفت نمونہ طلب کیجیے آج ہی خط لکھ کر۔

Crescent

غیر سودی تجارت
اسلامی لٹریچر کی طباعت و اشاعت میں رقم لگائیے
معقول منافع
اجر و ثواب تا قیامت
تفصیلات کے لیے لکھیے
KAZI PUBLICATIONS
1520 N Wells St., Chicago,
Ill. 60610, USA Tele: (312) 642-1251

(مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف ۵ ڈالر پیشگی بھیجنا لازمی ضروری ہے)

اب انٹاریو کے بزرگ شہریوں کی رہنمائی کے لیے ان کی اپنی ایک علیحدہ کتاب ہے جو یہاں ان کے لیے موجود سہولتوں اور پروگراموں کے بارے میں معلومات بہم پہنچاتی ہے۔

انٹاریو کے بزرگ شہری اس صوبے کی تعمیر اور ترقی میں ایک اہم حصہ ادا کر چکے ہیں۔ ان کے صحت و تندرستی کے ساتھ رہنے اور زندگی کا لطف اٹھانے میں مدد دینے کے لیے انٹاریو کی حکومت نے ایک نیا کتابچہ شائع کیا ہے جس کا نام "سینئر سٹیزنز گائیڈ" ہے۔ یہ کتابچہ ان تمام خدمات اور پروگراموں کے بارے میں ہے جو اس صوبے میں بزرگ شہریوں کے لیے مہیا کیے گئے ہیں۔

یہ گائیڈ صحت کے پروگراموں، مکان کی امداد، ٹیکس گرانٹ، کمیونٹی کلب، تعلیمی سنٹر اور دوسری کئی چیزوں کے بارے میں معلومات بہم پہنچاتی ہے۔ انٹاریو کے وظیفہ پانے والے بزرگ شہریوں کو یہ گائیڈ فروری کے آخر تک ڈاک سے بھیج دی جائے گی۔ دوسرے لوگ گائیڈ کے لیے پتہ ذیل پر لکھیں:

Ontario Government Publications Centre, 5th Floor,
880 Bay Street, Toronto, Ontario M7A 1N8

حکومت انٹاریو — لوگوں کی مدد کے لیے کام کر رہی ہے۔

Ontario
Margaret Birch,
Provincial Secretary
for Social Development
William Davis, Premier

ماجد خان — ظہیر عباس — عمران خان

عمران خان، ظہیر عباس اور ماجد خان کو پی آئی اے سے سبکدوش کرنے کا فیصلہ

نوٹس جاری کر دیئے گئے نیا معاہدہ نہیں کیا جائے گا

کراچی — پی آئی اے میں برسوں سے ملازمت کرنے والے تین کرکٹ کھلاڑیوں کو ان کی ملازمت سے فارغ کیا جا رہا ہے۔ عمران خان، ماجد خان اور ظہیر عباس کے ساتھ پی آئی اے کا معاہدہ ختم کیا جا رہا ہے...

چار خواتین ایک محرم کے ساتھ حج پر جا سکیں گی۔ سرکاری وضاحت

اسلام آباد — (پی پی آئی) وفاقی وزارت مذہبی امور نے فیصلہ کیا ہے کہ چار خواتین ایک محرم کے ہمراہ حج پر جا سکیں گی...

غلام صفدر شاہ کو برطانیہ میں مستقل رہائش کی اجازت مل گئی

لندن — سپریم کورٹ کے جج غلام صفدر شاہ کو برطانوی حکومت نے انگلستان میں مستقل قیام کی اجازت دے دی ہے...



پی آئی اے کا ایک ڈی سی ٹین تباہ شدہ طیارہ

تباہ شدہ طیارے کی قیمت ۵۶ کروڑ روپے ہے

حادثہ کا سبب

کراچی — (اسٹاف رپورٹر) پی آئی اے کا ڈی سی ۱۰ طیارہ جو جدہ میں تباہ ہو گیا...

پاکستان میں طیاروں کے حادثوں سے ایک ارب روپے کا نقصان ہوا

صدر ضیاء الحق کی طرف سے پروفیسر شکر کیلئے ہلال پاکستان کا ایوارڈ

ڈاکٹر این مل ہالینڈ کو بھی ستارہ امتیاز کا ایوارڈ دیا گیا

راولپنڈی — صدر جنرل محمد ضیاء الحق نے...

ملک محمد قاسم پر فوجی عدالت میں مقدمہ چلانے کی مذمت

لاہور — ہمارے نمائندہ جنگ — لاہور ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن نے حکومت کے اس فیصلہ پر کہ ملک محمد قاسم پر فوجی عدالت میں مقدمہ چلایا جائے گا شدید تنقید کی ہے اور کہا ہے کہ لاہور ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن فوجی عدالتوں کو تسلیم نہیں کرتی...

ہاکی فیڈریشن کے صدر نور خان نے نئی سلیکشن کمیٹی منتخب کر لی

کراچی — پاکستان ہاکی فیڈریشن...

کراچی یونیورسٹی کے طلبہ کا مظاہرہ

کراچی — (نمائندہ جنگ) کراچی یونیورسٹی میں ترقی پسند طلبہ کے محاذ میں شامل طلبہ نے آج یونیورسٹی کیمپس میں جلوس نکالا اور حکومت کے خلاف نعرے لگائے...

خان عبدالغفار خان کی حالت نازک ہو گئی

امریکی ڈاکٹروں نے قیمتی آپریشن مفت کر کے پاکستانی بچے کی جان بچالی

بچے کے دل میں سوراخ تھا جسے ڈاکٹروں نے آپریشن کے ذریعہ پاٹ دیا

وزیر تعلیم برقی نے تفسیر مکمل کر لی

Restaurant Manager Wanted

A fast food outlet selling salads and a few selected Pakistani dishes requires a manager. Should have some knowledge of food preparation, ability to supervise 3 to 4 employees, and dealing pleasantly with mostly Canadian customers is essential. Will be responsible for purchasing. Some basic record keeping and proper maintainance of store. Management experience preferred. Centrally located in Toronto. Good Compensation. Please phone after 7.00 p.m. (416)495-5020

ALL WHEELS
DRIVING SCHOOL AND RENT - A - CAR
JAVAID KHAN
1070 Queen St. West
Toronto, Ontario
533-3515

ایلیس انٹرنیشنل

ہم ۲۲۰ وولٹ کے تمام اپلائنسز مثلاً فریج، ٹی وی، ایر کنڈیشنرز، ریڈیو ریکارڈر اور واشنگ مشین کے علاوہ گیس کے چولہے بھی یورپ سے براہ راست کراچی بھجواتے ہیں۔

کینیڈا میں فلپس کے واحد منظور شدہ ڈیلر

پچھلے ۷ سال سے آپ کی خدمت کرنے والے



AALICE INTERNATIONAL
20 Grand River Court
Bramalea, Ont., L6S 2J8
Tel: (416) 791-8496

لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

الجھن

یہ ۱۹۶۷ء کے رمضان المبارک کی بات ہے جب میں پہلی بار تبلیغی چلہ پر گیا تھا۔ اس جماعت میں سبھی اونچے قسم کے لوگ تھے مثلاً سرکاری آفیسر، ریٹائرڈ ملازمین، مدارس کے علماء، تاجر اور افریقہ، آسٹریلیا، انگلینڈ اور امریکہ کے آنے والے باشندے۔ مجھے افریقی وفد کا ترجمان مقرر کیا گیا تھا جو کہ جماعت میں پہلی مرتبہ نکلا تھا اس لئے بہت سی باتیں عجیب لگ رہی تھیں۔ البتہ ایک بات میں نے خصوصی طور پر محسوس کی کہ کارکنانِ جماعت مجھ پر کچھ زیادہ ہی مہربان تھے۔ ان کی اپنائیت اور ان کا اظہارِ محبت میرے حق میں اوروں کی بہ نسبت کچھ غیر معمولی تھا۔ شاید یہی وجہ تھی کہ میں ذمہ داروں سے بڑے سے بڑے ہر قسم کے سوال کر سکتا تھا مگر وہ برا ماننے کے بجائے تشفی بخش جواب دینے کی کوشش کرتے تھے۔ ایک سوال کے جواب میں ایک ذمہ دار نے بڑے رازدارانہ انداز میں بتایا کہ یہ جو کچھ بھی آپ دیکھ رہے ہیں یہی سب کچھ نہیں ہے۔ یہ تو محض مسلمانوں کی اصلاح کے لئے ہے ہمارا اصل مقصد وہی ہے جو جماعت اسلامی کا ہے یعنی دین کو پورے کا پورا قائم کرنا۔ پھر میں نے حیث اس پر اعتراض کیا کہ مقصد کے مطابق کام اور لائحہ عمل نہ ہو تو مقصد کیسے حاصل ہو سکتا ہے؟ اور دوسرے یہ کہ آپ لوگ جماعت اسلامی کی مخالفت کیوں کرتے ہیں؟ آپ لوگوں کو تو جماعت اسلامی کے ساتھ مل کر کام کرنا چاہیے۔ اس پر وہ پورے سوال کا جواب دینے کے بجائے اور صرف دوسرے جزء کا جواب دیا کہ ہم جماعت اسلامی کی مخالفت بالکل نہیں کرتے اور جماعت تبلیغی سے البتہ کو جماعت اسلامی کو برا بھلا کہنے کی تاکید کی جاتی ہے۔ اصل انہوں نے اس کی تائید میں ایک واقعہ پیش کیا کہ مجھے دیکھئے میں تبلیغی جماعت سے آج سے نہیں دس برس سے وابستہ ہوں۔ ہر سال چلہ لگاتا ہوں لیکن جماعت اسلامی کا لٹریچر خصوصاً مولانا مودودیؒ کی مایۂ ناز تفسیر تفہیم القرآن کا مطالعہ کرتا ہوں اور غیر مسلم دوستوں کو دینی لٹریچر مطالعہ کے لئے دیتا ہوں۔ اس ذمہ دار صاحب نے مجھے بڑا سکون بخشا اور دل ہی دل میں یہ امید باندھنے لگا کہ وہ دن دور نہیں جب جماعت اسلامی اور تبلیغی جماعت دونوں اپنا اختلافات کو دور کر کے شانہ بشانہ سرگرم سفر ہوں گی لیکن یہ سکون اس وقت درہم برہم ہو گیا اور آشاؤں کے دیپ بجھ گئے جو میں نے دل و دماغ کے دریچے میں سجا رکھے تھے۔ جب افریقی وفد کے ایک فرد نے مجھ سے گفتگو کے دوران مولانا سید ابو الاعلیٰ مودودیؒ اور جماعت اسلامی پر لعن طعن کرنا شروع کر دیا۔ میں نے اس برہمی کا سبب دریافت کیا تو وہ یہ کہہ کر چپ ہو گیا کہ مودودیؒ صاحب صحابہؓ کے منکر ہیں اور جماعت اسلامی صحابہؓ کی توہین کرتی ہے۔ یہ اپنا سر پیٹ کر رہ گیا۔ میں نے پوچھا آپ نے کون سی کتاب یا تحریر پڑھی ہے جس میں آپ کو توہین صحابہؓ کے جو عیب نظر آئے۔ انہوں نے فوراً فرمایا "لا حول ولا قوۃ" میں کیوں پڑھنے لگا۔ مجھے تو کوئی انعام الدین سے رخصت کرتے وقت تبلیغی بزرگ کے ذمہ دار نے تاکید کی تھی کہ مودودی فرقے سے ہوشیار رہنا اس کے چکر میں ہی پڑنا ورنہ گمراہ ہو جاؤ گے۔ وہ صحابہؓ کو نہیں مانتے"۔ میں نے اس شخص کو سمجھانے کی کوشش کی لیکن سعی وہ بھی ایک رٹ لگائے رہا کہ اتنے متقی و پرہیزگار بزرگ جھوٹ کیسے بول سکتے ہیں؟ یعنی تبلیغی کے بزرگ نے جو کچھ کہا ہے سچ ہی ہے۔ میں تو بطور فیصلہ لیکن یہ خلش باقی ہی رہی کہ آخر یہ تضاد کیوں ہے؟ ایک طرف کچھ لوگ مفاہمت کی راہ اپنائے ہیں اور کچھ لوگ غلط اور عداوت کا رویہ رکھتے ہیں۔ یہ الجھن تو موجود ہی اور تبلیغی جماعت سے جڑا وابستگی بھی برقرار رہی۔

یہ الجھن اس وقت اور بڑھ گئی جب تبلیغی جماعت کے موجودہ امیر محترم مولانا انعام الحسن خان صاحب معروف بہ حضرت جیؒ کے ساتھی میاں مولانا عبد الباری صاحب کیرانوی نے مجھ سے ایک واقعہ کا تذکرہ کیا۔ مولانا کیرانوی صاحب صرف موجودہ حضرت جیؒ کے ساتھی ہی نہیں ہوتے بلکہ وہ شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب، مولانا الیاس صاحبؒ اور مولانا محمد یوسفؒ کے قریبی عزیز اور ہم خانداں بھی ہیں۔ موصوف علی گڑھ میں رہائش پذیر ہیں۔ آپ ان مطمح جماعت حق پسند لوگوں میں سے ہیں جو تبلیغی جماعت اور جماعت اسلامی دونوں کے کاموں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں

کچھ یادیں کچھ باتیں

اور حتی الامکان دونوں کے حق میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ مولانا کیرانوی صاحب نے گودھرا گجرات کے عالمی تبلیغی اجتماع منعقدہ مارچ ۱۹۶۷ء کے ایک واقعہ کا تذکرہ کیا۔ وہ خود اس میں شریک تھے۔ ایک دن انگلینڈ سے آئی ہوئی جماعت کے خیمہ میں گئے۔ ادھر ادھر کی گفتگو چلنے لگی۔ اچانک انگلینڈ کی جماعت کی بااثر شخصیت حاجی محمد عیسیٰ صاحب موضوع سے ہٹ کر جماعت اسلامی اور مودودیؒ پر آ گئے اور پوری قوت سے مولانا مودودیؒ پر کلمہ مزاحیاں شروع کر دیں۔ انہوں نے فرمایا "میں نے مودودی صاحب کی تمام کتابیں پڑھی ہیں مجھے ان میں فتنۂ اعتزال کے سوا کچھ نظر نہیں آیا۔" مولانا کیرانوی صاحب سے ضبط نہ ہو سکا انہوں نے فوراً کہا "میں نے بھی مولانا مودودیؒ کی ساری تو نہیں لیکن بیشتر تحریریں پڑھی ہیں مجھے تو کہیں فتنۂ اعتزال نظر نہیں آیا۔ آپ اگر کسی کتاب کی نشاندہی کریں تو بہتر ہوگا۔" حاجی محمد عیسیٰ صاحب کو یہ خبر نہیں تھی کہ کیرانوی صاحب مودودیت کے قائل ہیں یا اس سے ہمدردی رکھتے ہیں۔ وہ اس سوال پر سٹپٹا گئے۔ ان سے کچھ نہ بن پڑا تو بول اٹھے "مثلاً تجدید و احیائے دین"۔ مولانا کیرانوی صاحب نے بڑے ذوق و شوق کے ساتھ پوچھا کہ "اس میں کس مقام پر آپ کو فتنۂ اعتزال نظر آیا؟" حاجی صاحب نے چیں بہ جبیں ہو کر جھلا کر فرمایا "مجھے تو پوری کتاب میں معتزلہ فرقہ کی بو آتی ہے۔" مولانا کیرانوی صاحب نے دلائل و ثبوت طلب کئے۔ حاجی صاحب سے کوئی جواب نہ بن پڑا تو فرمایا "بس مجھے جو کچھ نظر آیا میں نے بتا دیا آپ نہیں مانتے تو نہ مانیں"۔ اس پر مولانا کیرانوی صاحب نے بڑی پتے کی بات کہی "دیکھئے، اللہ نے اپنے کلام کے متعلق خود فرمایا ہے کہ جو قرآن سے گمراہی چاہے گا اسے گمراہی ملے گی اور جو ہدایت طلب کرے گا اسے ہدایت ملے گی۔ مولانا مودودی تو انسان ہیں۔ آپ نے پہلے سے فتنۂ اعتزال کا مفروضہ قائم کر کے تجدید و احیائے دین کا مطالعہ کیا ہوگا اسی لئے اس کے ہر جملے میں وہی جرثومے رینگتے ہوئے نظر آتے ہوں گے۔ خالی الذہن ہو کر مطالعہ کریں گے تو حقیقت رسائی ہو سکے گی۔" اس پر وہ لاجواب تو ہو گئے مگر اپنی بات کو واپس لینے کے لئے تیار نہیں ہوئے۔ انہیں حاضرین میں ایک صاحب تھے سید قربان علی صاحب وہ پاکستانی نژاد تھے۔ انگلینڈ میں مقیم ہو گئے تھے اور وہیں سے تبلیغی اجتماع میں شرکت کے لئے آئے تھے۔ اسی دن تنہائی میں مولانا کیرانوی صاحب، سید قربان علی صاحب سے ملے اور انگلینڈ میں تبلیغ کی رفتار اور اس کے اثرات سے متعلق دریافت کیا۔ قربان علی صاحب نے بڑی تفصیل سے وہاں کے حالات اور تبلیغی جماعت کی سرگرمیوں پر روشنی ڈالی۔ مولانا کیرانوی صاحب نے پوچھا "وہاں آپ کتابیں کون سی تجویز کرتے ہیں؟ تبلیغی نصاب ظاہر ہے ہر کسی کے لئے مفید نہیں ہو سکتی۔ اس سے تو وہی فائدہ اٹھا سکتا ہے جو پہلے سے پوری طرح مومن و مسلم ہو۔" سید قربان علی صاحب نے جواب میں اپنا لیا چوڑا ٹرنک کھول دیا اور کہا "دیکھئے یہ وہ کتابیں ہیں جن پر انگلینڈ میں ہمارے کام کا دار و مدار ہے۔" مولانا عبد الباری صاحب نے دیکھا تو حیرت سے ان کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئیں۔ انہوں نے دیکھا کہ وہ ساری کتابیں مولانا مودودیؒ، سید قطب شہیدؒ اور دیگر تحریک اسلامی کے رہنماؤں کی تصانیف کا انگریزی ایڈیشن تھیں۔ مولانا کیرانوی صاحب کے حیرت و استعجاب کو دور کرتے ہوئے قربان علی صاحب نے فرمایا "ہم لوگ جماعت اسلامی اور مودودی صاحب کو برا بھلا کہتے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ ان کی کتابوں کے بغیر ہمارا کام ایک منٹ بھی نہیں چل سکتا۔ ہم ان سے مدد لینے پر مجبور رہے ہیں" مولانا عبد الباری صاحب کیرانوی کی حیرت دور ہونے کے بجائے اور بڑھ گئی۔ یہ واقعہ سن کر میری حیرت اور الجھن میں ایک گرہ اور پڑ گئی ہے اس تضاد کو سمجھنے سے قاصر ہوں۔ کاش کوئی اللہ کا بندہ میری اس الجھن کو دور کر دیتا۔!

(اسرار احمد خاں ۔ علی گڑھ)

بینک پر ڈاکے کی واردات ۔۔۔ پولیس کا ۔۔۔ رسائی ۔۔۔ ڈاکوؤں کا کھوج لگا رہا ہے (جنگ)

نئی دہلی میں غیر وابستہ ممالک کے وزرائے خارجہ کی کانفرنس کے باہر افغان مہاجرین روس کے خلاف مظاہرہ کر رہے ہیں۔

موج در موج

احمد ندیم قاسمی

تقریبات کے نرغے میں

ایس ایم ظفر کی کتاب کی رونمائی • امیرِ شریعت کا تیسرا سالِ جشنِ ولادت • شیخ عبدالشکور اور سیرۂ یگانہ • بزمِ سخن

روزنِ دیوار

عطاء الحق قاسمی

گرم مسالے

(انعام ندائی)

پبلک ان میں نہ کھے گرم مسالے ہم نے
کتنے روزی کھے جو کاغذ کے کالے ہم نے
مرگئے ٹاس کے لہو تھا جو بہت زہریلا
آستیں میں جو کئی سانپ کہتے پالے ہم نے
چند بوسیدہ کتابوں سے مناسب اقوال
اپنی تصنیف سمجھ کے نکالے جس ہم نے
اپنا ہستی کر گیا سارے جہاں میں معروف
بن کے مرحوم بزرگوں کے حوالے ہم نے
ایسی ظلمت کر نظر ناک کے نیچے ناکام
اُس پہ دعویٰ کہ بکھیرے ہیں اُجالے ہم نے
کیا ہوا خاک اگر ہوگئے ہم خود دب کر
چند گرتے ہوئے کھمبے تو سنبھالے ہم نے
تنگ ترشی نہیں دیکھی کبھی آن پر آتے
ہوتے دیکھے نہیں چھروں کے دوالے ہم نے
اپنے دھندے میں وہ شاید ہمیں حصہ دیدے
ہر نئے چور کے اوصاف اچھالے ہم نے
حلقۂ خاص میں افسوس کہ شامل نہ کیے
چند دی آئی پی افراد کے سالے ہم نے
آن پہ آیا جو بڑھاپا تو لیا ہم نے قصاص
صبح کو دھوپ سے شام کو تالے ہم نے
تیری تبلیغ کا شاید یہ کرم ہے واعظ
کبھی دیکھے نہیں پھر ان شوالے ہم نے
اپنی محنت کے ابالے ہوئے دیکھے انعام
زر کو سیٹھ کے گودام کے تالے ہم نے



ذوق کی قبر کے مقابل پیشاب خانہ

غالب کا مکان کوئلہ فروشی کا مرکز بن گیا

اندرا گاندھی منگائی لائی

fortnightly **al-Hilal**

VOL.9,NO.23 February 15, 1981 Phone: 424-1989, 493-4374. 25¢

338 Hollyberry Trail Willowdale, Ont. Canada M2H 2P6

احمد آباد میں لوٹ مار اور آتشزنی جاری ہے کلکتہ میں ۲۵ بسیں نذر آتش

احمد آباد میں کرفیو اور فوج کے گشت کے باوجود تشدد کے واقعات ہوئے طلبہ کے ہنگامے نواح میں پھیل گئے ایک بس کو آگ لگادی گئی۔ بیشتر افراد میں ۳ سپاہی زخمی، ۱۰۰ افراد گرفتار

کلکتہ میں مظاہرین نے دستی بم استعمال کئے: ۳۰ افراد گرفتار

پولیس کا ہجوم پر لاٹھی چارج۔ جنتا پارٹی پر ہنگامے کرانے کا الزام

نجی تعلیمی اداروں کے قیام پر کوئی پابندی نہیں جنرل ضیا

قومیائے گئے تعلیمی اداروں کو نجی ملکیت میں واپس نہیں دیا جائے گا

برزنیف نے روسی سفیر سے ملاقات سے انکار کردیا

ایران نے اقوام متحدہ کے زیر اہتمام افغان مذاکرات میں حصہ لینے سے انکار کر دیا

مجوزہ مذاکرات میں ایران پاکستان کی شمولیت پر اعتراض نہیں کرے گا

بنگلہ دیش کو لسانی مملکت بنانے کی بجائے عوامی اسلامی جمہوریہ قرار دیا جائے خوندکر مشتاق

مسلمانوں کے مقابلہ میں کافروں کی دوستی پر اعتماد رکھنے والے منافق ہیں

روسی افغانستان سے فوجیں واپس بلائے۔ بنگلہ دیش ڈیموکریٹک لیگ کے کنونشن کا مطالبہ

شاہ خالد کیلئے اقوام متحدہ کا

سب سے بڑا اعزاز سونے چاندی کے تمغے

سی آئی اے کو تحقیقوں کی ضرورت

واشنگٹن

تیسری دنیا کیلئے استحصال سے نجات کا واحد راستہ انقلاب ہے الطاف گوہر

بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان

پندرہ روزہ

الہلال

ٹورانٹو کینیڈا

☐ سالانہ زر خریداری برائے "الہلال": دس ڈالر

☐ سالانہ زر خریداری برائے "کریسنٹ": دس ڈالر

☐ سالانہ زر خریداری برائے الہلال و کریسنٹ: سترہ ڈالر

کوپن خریداری

Name ....

Address ....

....

Postal Code ....

Telephone No. ....

زر خریداری کا چیک "کریسنٹ" کے نام لکھئے اور ذیل کے پتہ پر بھیجئے

338 Hollyberry Trail, Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6

اگر آپ اسلامی تحریک کا بین الاقوامی ترجمان "کریسنٹ" (انگریزی) بطور نمونہ حاصل کرنا چاہیں تو یہاں نشان لگائیے ☐